اشتہار نیلام عام برائے 30 سالہ لیز/ترقیاتی منصوبہ متروکہ وقف جائیداد

متروکہ وقف املاک بورڈ حکومت پاکستان اپنی درج ذیل متروکہ وقف جائیداد "جیسے ہے جہاں ہے" کی بنیاد پر متروکہ وقف املاک سکیم 1977 کی شق 7 جو کہ شق C-18 کے ساتھ پڑھی جائے کے تحت تجارتی/رہائشی مقاصد کیلئے عرصہ 30 سال بذریعہ نیلام عام دینا چاہتا ہے۔

شیڈول نیلام عام۔

تاریخ نیلام عام۔	11-07-2024
بمقام۔	دفتر زونل ایڈمنسٹریٹر متروکہ وقف املاک (حلقہ جنوبی)، JM-161، ٹرسٹ ہاؤس، پرانی نمائش چورنگی، ایم۔اے جناح روڈ، کراچی
نوٹ:۔ درج بالا تاریخ پر بولی نہ ہونے کی صورت میں متبادل تاریخ ہائے:۔	23-07-2024 , 29-07-2024 اور 02-09-2024

تفصیل اربن جائیداد ہائے:۔

سیریل نمبر	جائیداد نمبر	رقبہ (مربع گز)	واقع	کم از کم فی مربع فٹ ماہانہ کرایہ بعد از تکمیل تعمیرات	عارضی ماہانہ کرایہ تا تکمیل ترقیاتی منصوبہ	نا قابل واپسی زرضمانت (سرکاری بولی)
01	سروے نمبر 187 من، دیہہ اوکیواڑی	120	ETPB ایمپلائز کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین راشد منہاس روڈ، کراچی	-/18 روپے گراؤنڈ فلور، -/12 روپے فرسٹ فلور، -/10 روپے سیکنڈ فلور، -/08 روپے بیسمنٹ و دیگر منازل (8% فیصدی سالانہ اضافہ لاگو ہوگا)	-/10,000 روپے	-/50,40,000 روپے (پچاس لاکھ چالیس ہزار روپے)

نیلام عام میں حصہ لینے والے اشخاص کی ابتدائی اہلیت۔

1۔ قومی ٹیکس نمبر (Active) 2۔ نادرا کا جاری کردہ شناختی کارڈ 3۔ سند بابت غیر باقیدار متروکہ وقف املاک بورڈ 4۔ بینک سٹیٹمنٹ ایک سال

شرائط و ضوابط:۔

1)۔ ہر عاقل و بالغ پاکستانی ماسوائے محکمہ ہذا کے باقی دار اور سرکاری ملازم نیلام عام میں شرکت کر سکتا ہے۔

2)۔ نیلام عام میں شرکت کے خواہشمند حضرات/پارٹی کیلئے ابتدائی اہلیت کی دستاویزات زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کروانا لازمی ہے ناکامی کی صورت میں نیلام عام میں شرکت کی اجازت نہ ہو گی۔ نیلام عام سے ایک دن قبل مقررہ نیلام کمیٹی نیلام عام میں شرکت کے خواہش مند اشخاص/پارٹی کے تمام داخل کردہ کاغذات/بینک سٹیٹمنٹ وغیرہ کا بغور جائزہ لے گی اور نیلام عام سے قبل نیلام عام میں شرکت کے اہل افراد/فرد/پارٹی کے بارے میں اپنی حتمی سفارشات عیاں کریگی۔ پہلے سے منظور کردہ کاغذات کے حامل شخص/پارٹی کے کاغذت کا بعد ازاں ہونے والے نیلام عام پر جائزہ نہیں لیا جائیگا تاہم نیلام عام میں شرکت کے خواہشمند حضرات مزید دستاویزات جمع کروا سکتے ہیں۔ نا اہل افراد/فرد/پارٹی کو نیلام عام میں شرکت کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائیگی۔

3)۔ نیلام عام میں شرکت کے خواہشمند حضرات/پارٹی ابتدائی اہلیت کے کاغذات کے ہمراہ نیلام سے قبل منتظم متروکہ وقف املاک، کراچی کے نام طے شدہ نا قابل واپسی زرضمانت کا 10 فیصد بطور ڈرافٹ اور جو کہ بعد از کارروائی نیلام عام اندر چار ہفتے یا منظوری کارروائی نیلام عام جو پہلے ہو تمام جمع کنندگان کو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے واپس کر دیئے جائینگے۔

4)۔ کامیاب بولی دہندہ سب سے زیادہ نا قابل واپسی زرضمانت کی بنیاد پر قرار پائے گا۔

5)۔ کامیاب بولی دہندہ بقایا رقم نا قابل واپسی زرضمانت کا 25% کارروائی نیلام عام کے خاتمے پر اندر دو یوم جمع کروانے کا پابند ہوگا جبکہ بقایا نا قابلِ واپسی زرضمانت مجاز اتھارٹی چیئرمین، متروکہ وقف املاک بورڈ، لاہور کی حتمی منظوری کے بعد اندریں میعاد 10 یوم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں جمع کرائی گئی کل رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

6)۔ کارروائی نیلام عام کے نتائج بطور مجاز اتھارٹی کے چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ کے سامنے منظوری کیلئے پیش کئے جائیں گے، جن کو یہ اختیار حاصل ہے کہ بغیر وجہ بتائے نیلام عام کی کارروائی کو منظور یا مسترد کر دیں۔ اس بابت نیلام عام کے کامیاب بولی دہندہ کو تحریری طور پر آگاہ کیا جائیگا۔

7)۔ کارروائی نیلام عام کے نتائج کی مجاز اتھارٹی سے حتمی منظوری کے بعد مجوزہ ڈویلپر کو تعمیراتی و دیگر NOCs اندر 06 ماہ کے منظور کروانے کا وقت دیا جائیگا۔ بعد ازاں 02 (دو) سال تعمیراتی منصوبہ مکمل کرنے کا پابند ہوگا یا تعمیر مکمل ہونے کی صورت میں (جو بھی پہلے ہو) تکمیل تعمیرات حتمی تصور ہونگی۔

8)۔ دورانیہ تکمیل تعمیرات میں کوئی بھی اضافہ ہرگز نہ کیا جائیگا۔

9)۔ یہ کہ بعد از تکمیل تعمیرات ڈویلپر کو تیار شدہ تعمیراتی عمارت میں کرایہ داران کے اندراج کیلئے چھ (06) ماہ کا مزید وقت دیا جائیگا۔

10)۔ ڈویلپر اور متروکہ وقف املاک بورڈ کے مابین حسب ضابطہ رائج/مجوزہ مسودہ کی بنیاد پر لیز اگریمنٹ دستخط ہوگا۔

11)۔ عارضی/عبوری ماہوار کرایہ دوران تعمیر قبضہ جائیداد حوالے کئے جانے/لیز اگریمنٹ دستخط ہونے (دونوں میں سے جو پہلے ہو) کی صورت میں لاگو ہو جائیگا اور تا اندراج کرایہ داران بعد از تکمیل تعمیر منصوبہ جاری رہے گا۔

12)۔ طے شدہ دورانیہ اندراج کرایہ داران (Induction Period) کے بعد خواہ تعمیر مکمل ہو یا نہ ہوئی ہو فی مربع فٹ کرایہ از خود لاگو ہو جائیگا۔ اگر ڈویلپر فی مربع فٹ ماہوار کرایہ بمطابق لیز اگریمنٹ محکمہ ہذا کو ادا نہیں کرتا تو لیز اگریمنٹ منسوخ کر دیا جائیگا اور تمام جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط تصور ہوگی۔

13)۔ ڈویلپر اپنے ماتحت کرایہ داران کا اندراج کر سکتا ہے۔ ڈویلپر/پٹہ دار/Lessee اور کرایہ داران کلی طور پر واجبات داخل خزانہ کروانے کے ذمہ دار ہونگے۔

14)۔ مزید معلومات دفتری اوقات کار میں زیر دستخطی سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

المشتہر:۔ (شاہد علی)، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر، متروکہ وقف املاک، JM-161، ٹرسٹ ہاؤس، پرانی نمائش چورنگی، ایم۔اے جناح روڈ، کراچی، فون نمبر:۔ 021-99332923